لمبہ - دنبہ (بکرے) کی دم موٹا۔
لمپا - لیمپ کا منہ۔
لمسہ - ایک قسم کی عمدہ چادر۔
لمہ - مجموعہ - کُل مقدار۔
لنتر - لینٹرن۔

لُنج - بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا - وہ شخص جس کا نچلا ہونٹ حبشی کی طرح موٹا ہو۔

لُنج آویختن - حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

لُندرا - }
لُوندرا - } لندن۔

لُند لُند کردن - بڑبڑانا۔

لَند ہُور - کشیدہ قامت - بلند بالا۔

لَندیدن - کڑکڑانا - بڑبڑانا۔

لنگران - ایران کا ایک شہر۔

لُنگ - تولا۔

لِنگ - مثل - نظیر - جوڑ - جفت۔

لنگر - لٹکن - پنڈولم۔

لنگر بند بازی - نٹ کا بانس۔

لنگر ساعت - لٹکن - پنڈولم۔

لَنگ کردن - نزول کرنا - ٹھہرنا - وقفہ کرنا - اتر جانا - قیام کرنا - رکنا۔

لِنگہ - جوڑی - جفت - کواڑ - دروازے کا آدھا پاٹ۔

لَنگہ - گٹھری - فاحشہ - بدکار۔

لِوا - بریگیڈ - توپخانہ - رسالہ - پیدل کی فوج۔

لوازم عادیہ - فرائض مقررہ یا مفروضہ۔

لِواطہ - بچہ بازی - لونڈے بازی۔

لُوپ - جبڑے کی ہڈی۔

لُوت رفتن - ہرزہ گردی کرنا۔

لُوتکہ - تفریح کی کشتی یا ناؤ۔

لُوت و عُور - لفظی - ننگا - اصطلاحی - پھٹے حالوں۔

لُوت ولات - تنہا - جریدہ - بے اسباب۔

لُوچ - ننگا - برہنہ - بھینگا - ترچھا دیکھنے والا۔

لُوحہ - لکڑی یا دھات کا پتر۔

لُودہ - }
جاک - } بڑا ٹوکرا ایسا جو گدھے پر لادتے ہیں۔

لُوید - (لارڈ کا مترادف) امیر۔

لُوط - ریگستان - صحرا۔

لُوطی - بندر یا ریچھ والا۔

لُوطی بازار - ہنگامہ - جھگڑا - بلوا۔

لُوفت - کٹ پتلی۔

لُوک - بڑے بالوں والا اونٹ - ڈلا۔

لُوکاندہ - ہوٹل۔

لُوک لُوک - بھون بھون (مکھی کی آواز)۔

لُوکوموتیو - ریل کا انجن - متحرک کل۔

لُوکومتیف - ریل کا انجن۔

لولاکرہیدہ ۔ قبضہ ۔ جوڑ ۔ زیادہ ۔
لولان بازی ۔ بازی گری ۔ کرتب ۔
لولہ ۔ نلی ۔ نال ۔ ٹونٹی ۔ پانی کا نل ۔
ٹیوب ۔ بیلن ۔ قبضہ ۔ چول ۔
لولۂ آفتابہ ۔ لوٹے کی ٹونٹی ۔
لولۂ باد ۔ گردباد ۔ بھنور ۔ بگولا ۔
لولۂ تفنگ ۔ بندوق کی نال ۔
لولۂ توپ ۔ توپ کی نال ۔
لولہ کردن ۔ لپیٹنا ۔ (کاغذ وغیرہ کو) ۔
لولۂ کم الاستیک ۔ پانی کھینچنے والی ربڑ کی نلکی ۔
لولۂ گم لاستیک ۔ ربڑ کی ٹیوب ۔
لولہ گوشت (بلا اضافت) پٹھے کا گوشت
لولی ۔ ایک ہندی الاصل قوم جسے انگریزی میں
جپسی کہتے ہیں ۔ کنجر ۔
لوند ۔ لنگوڑی ۔ کسبی عورت ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔
لوندرہ ۔ لندن ۔
لونتان ۔ پریڈ ۔ مشق جنگ ۔
لہ ۔ نیلگندہ ۔ کچلا ہوا ۔ (پٹ کر) بھرکس نکلا ہوا ۔
لہ شدن ۔ (مار کھانے سے) ادھ موا ہو جانا ۔
پھنس جانا ۔ پکڑا جانا ۔ اٹک جانا ۔ شل ہونا ۔
لہ شدہ ۔ نرم ۔ پٹ کر سیاہ اور نیلا کر دیا ہوا ۔

لہ کردن ۔ کچلنا ۔ پچکانا ۔ دلنا ۔
لہک لہک کردن ۔ ہانپنا ۔
لہنگرہ ۔ کیبرہ ۔
لہنگری ۔ تانبے اور لوہے کے برتن
بنانے کی جگہ
لیاقت ۔ ہوشیاری ۔
لئالت ۔ موتی جڑنے کا کام ۔ جڑاؤ کام ۔
لیذ ۔ پھسلنا ۔
لیرہ ۔ پونڈ ۔ (سونے کا ایک سکہ) ۔
لیرہ انگلیسی ۔ انگریزی پونڈ (سونے کا سکہ)
لیرہ عثمانی ۔ سلطنت ترکی کا ایک سکہ ۔
لیرہ مصریہ ۔ مصر کا ایک سکہ جس کو
مصری پونڈ کہتے ہیں ۔
لیز ۔ چکنی مٹی ۔ نرم ۔ پلپلا ۔ خارشتی ۔
لیزیدن ۔ **لخشیدن** ۔ **سریدن** ۔
بمعنی لغزیدن ۔
لیزہ ۔ گدھا ۔
لیش ۔ کیچڑ ۔
لیف (حمام میں بدن پونچھنے کا) تھیلا ۔ دستانہ ۔
لیف ۔ ریشہ ۔
لیقہ یا لیغہ ۔ سوف ۔

لیلاج }
لجلاج } شاطر۔ چالاک۔ بڑا جواری۔

لیلی ۔ بورڈر۔ جسکو رہنے والا طالبعلم

لیمناد ۔ لمونیڈ۔

لیمان ۔ لنگرگاہ۔ (ت)

لیوتنان ۔ لفٹننٹ۔

لیون ۔ سڑک۔ راستہ۔

باب میم

مباشر ۔ منتظم۔ مہتمم

مات شدن ۔ ہکابکا رہجانا۔ متحیر و ششدر ہوجانا۔

ماجور ۔ میجر۔ فوجی افسر۔

ماچ ۔ بوسہ۔

ماچان ۔ ہیجان۔

ماچ صدادار ۔ پچکار۔ ایسا بوسہ جس میں آواز نکلے۔

ماچ کردن ۔ چومنا۔ بوسہ لینا۔

ماچ موچ ۔ بوسہ۔

ماچہ خر ۔ (بلا اضافت) گدہی۔

ماخ ۔ زرقلب۔

مادر بہ خطا ۔ حرامی۔ ولدالزنا۔

مادر شو ۔ ساس۔

مادگی ۔ کاج بٹن کا سوراخ۔

مادم }
مادام } میڈم۔ میم۔

مادّہ ۔ دفعہ (قانون وغیرہ کی)

مادّہ ۔ پیپ۔

مادۂ آبلہ ۔ وہ رقیق حیوانی شئی جس کا ٹیکا لگایا جاتا ہے۔ لمف۔

مار آتشی ۔ ایک زہریلا سرخ سانپ۔

مار پیچ ۔ لہریہ دار۔ خمدار۔

مار جعفری ۔ ناگ سانپ۔

مار چوبہ ۔ ناگدون ایک قسم کی بوٹی۔

مارس ۔ مریخ (سیارہ) نیز ماہ مارچ۔

مارسیل ۔ مرسیلز۔ شہر فرانس۔

مار شاخدار ۔ ایک چھوٹا زہریلا سانپ جو ریت میں پایا جاتا ہے۔

مارق ۔ مارک کا مفرس۔ نشان۔ علامت۔

مار کفچہ دار ۔ ناگ سانپ۔

مارکہ ۔ نشان۔ مارک۔

مارکی۔ مارکوئیس (انگریزی امرا کا خطاب)
مارماہی۔ بام مچھلی۔
مارِ پیچ پیچ۔ ایک زہریلا سانپ جو دھاگے کے پنڈے کی طرح اپنے آپ کو لپیٹ لیتا ہے۔
مازا۔ عقیم عورت۔ بانجھ۔
مازہ یا ماز۔ ریڑھ کی ہڈی۔
مازہ دار۔ ریڑھ والا (جانور)
ماثوریتہ۔ مجارٹی کا مفرس۔ غلبہ رائے۔ اکثریت یا غلبیت۔
ماس۔ الماس جو ایک قیمتی پتھر ہے۔
ماسورہ۔ ایک قسم کی بلی۔ جلاہے کی نری۔
ماسہ یا ماسۃ۔ ریت۔ ریگ۔
ماشو۔ ایک لمبی تنگ کشتی۔
ماشورہ۔ جلاہے کی دھڑکی۔
ماشولہ۔ جلاہے کی دھڑکی۔
ماشہ۔ بندوق کا گھوڑا چمٹی۔ موچنی۔
ماشین۔ مشین۔ کل۔ آلہ۔
ماشینِ رفع۔ لفٹ۔ مکان کی بلند منزل پر پہنچانے کی کل۔
ماعون۔ کاغذ کا ریم۔

مافنگی۔ بے ڈھنگا۔ غیر مفید۔
ماکارونی۔ سیویاں۔ سویاں۔
ماکو۔ جلاہے کی دھڑکی۔
ماکول اللحم۔ جس حیوان کا گوشت کھانے میں آئے
مال۔ باربرداری کا گھوڑا یا کوئی اور جانور۔
مالِ خارجہ۔ غیر ملک کا آیا ہوا مال۔
مال داخلہ۔ دیسی ساخت کا مال۔
مالِ دیوان۔ مکان وزمین کا محصول۔
مال گذاری۔ سالانہ آمدنی۔
مالِ فرزی۔ جاندار اور تیز رو جانور۔
مال فروش۔ بکری کی اشیاء۔
مالِ معینہ۔ جائداد مادی قابل ارث۔
مالِ مقید در گمرگ۔ وہ مال جس پہ محصول پرمٹ (کروڑگیری) ادا نہ ہوا ہو۔
مال وحشت۔ جنگلی جانور۔
مالہ۔ تھاپی۔ راج کی کرنی۔
مالیات۔ مال گزاری۔ سالانہ آمدنی اراضیات کی۔
مالیات جمع کن۔ میر محصول۔ رقم مال گزاری وصول کرنے والا۔
مالیات سری۔ مویشی پر محصول۔

مالیدہ ۔ دمدمہ ۔ پشتہ ۔ خندق ۔

مالیہ ۔ مال گزاری ۔ مداخل ۔

مالیہ ناظری ۔ وزیر مال ۔

ماما ۔ دائی (خادمہ کے معنی میں ہند ہے)

مامور ۔ گارڈ (ریلوے کا) عہدہ دار ۔ کارپرداز

ماموریت ۔ عہدہ ۔

ماموریت عمدہ ۔ خاص رسالت ۔ وفد ۔

مان ۔ (ما) ہم (ضمیر جمع متکلم)

ماندریل ۔ بن مانس ۔

مانیفتو ۔ بیجک ۔

ماہا ۔ ہم ۔ (جمع الجمع)

ماہ آیندہ ۔ آنے والا مہینہ ۔

ماہ پیشانی ۔ وہ گھوڑا یا گائے جسکی پیشانی سفید ہو ۔

ماہوت ۔ بانات ۔

ماہوت پاک کن ۔ برش جس سے کپڑے صاف کریں ۔

ماہور ۔ پشتہ ۔ ٹیلہ ۔ ناہموار زمین ۔

ماہیچہ ۔ دبلا گوشت ۔ پے ۔ عصب ۔

ماہی خانہ ۔ اکویریم یعنی وہ مکان جو سمندر کے قریب مچھلیوں اور دیگر آبی جانوروں کے رکھنے کیلئے بنایا جاتا ہے ۔

ماہی ریزہ ۔ چھوٹی مچھلی ۔

ماہی شیر ۔ میٹھے پانی کی مچھلی ۔

ماہی شور ۔ کھارے پانی کی مچھلی ۔

ماہی قزل ۔ ایک قسم کی مچھلی جسکو ٹروٹ کہتے ہیں

ماہی وال ۔ وہیل مچھلی ۔

ماہی یونس ۔ وہیل مچھلی ۔

ماہیہ ۔ تنخواہ ۔ مشاہرہ ۔

مائدہ ۔ میز پر کا کھانا ۔ (طعام) ۔

مائلان ۔ جھک جاؤ (صحیح سیلان) ۔

ماء مہوہ ۔ اوڑا ہوا پانی ۔ مقطر پانی ۔

مایہ ۔ نقش ۔ پستان ۔ خمیر ۔

مایہ دیدہ ۔ دریا کا معادن ۔

مباشر ۔ مہتمم ۔ نگرانکار ۔ سربراہ کار ۔

مباشرین ۔ منتظم ۔ فعلہ عملہ ۔

مبتوح ۔ مجروح ۔ زخمی ۔

مبل ۔ فرنیچر ۔ سامان ۔ اثاث البیت ۔

مبلول ۔ بھیگا ہوا ۔

متارکہ یا ہدنہ ۔ التوائے جنگ ۔

متجر ۔ بیوپار ۔

متحف ۔ عجائب خانہ ۔

متداولی ۔ رائج الوقت ۔

متر ۔ پیمانہ ۔

مَتَراس - کھائی - خندق۔

مَتَرس - چھڑیوں [illegible] شوکیس

مَتَرس - تختے کی دیوار۔

مُتَرَشِّح - امیدوار

مُتَشَخِّص - نام بر آوردہ - عالی خاندان۔

مُتَشَخِّصان - عمائد - اکابر۔

مُتَشَخِّصہ - ممتاز عورت۔

مُتَصَرِّف - گورنر۔

مُتَصَرِّفات مُعتَبَرہ - اہم نوآبادیاں۔

مُتَعارِف - معمولی - مقررہ - عادی۔

مُتَعافی - صحیح و تندرست۔

مُتَغَمِّر - مستی میں بھرا ہوا مست۔

مُتَفالِس - دیوالیہ

مُتَمائِل - گرا ہوا - ٹیڑھا۔

مُتَوَضّا - بیت الخلاء

مثلہ - روم کا ایک سکہ۔

مُتَولّی باشی - کسی درگاہ وغیرہ کا صدر منتظم۔

مَجارِستان - ہنگری (یورپ کا ایک ملک)

مَجال - فرصت - مہلت۔

مَجّاناً - مفت - یونہی - بلاقیمت۔

مُجاوِر - طالبعلم

مُجابارِج (مُجابِرین) [illegible] - بدکار۔

مُجتَمع تجاری - بیوپار کرنے والی انجمن۔

مُجری - ڈبیا - صندوقچہ۔

مُجری پول - تجوری - رقم کا صندوق۔

مُجَسَّمہ - مورت - اسٹیچو۔

مُجَسَّمہ صُدری - [illegible] وغیرہ کی مورت۔

مُجَسَّمہ نصف تنہ - نصف دھڑ کی مورت۔

مُجَسَّمہ نیم تنہ - آدھے دھڑ کی مورت۔

مَجلِس (دیا) مہمانی بال - رقص سرود کی محفل جو یورپ میں کرتے ہیں۔

مَجلِس البلدیہ - میونسپلٹی۔

مَجلِس التحقیق - دریافت کرنے کا کورٹ۔

مَجلِس الاشراف - ہوس آف لارڈز۔

مَجلِس العُموم - ہوز آف کامنز۔

مَجلِس پارلیمان - پارلیمنٹ۔

مَجلِس سلام - دربار کی انجمن۔

مَجلِس سنا - سنیٹ - دارالاعیان

مَجلِس شوریٰ - کونسل - انجمن مشیران۔

مَجلِس شوریٰ دولتی - ہوس آف لورڈز - دارالامراء۔

مَجلِس شوریٰ ملی - دارالعوام - ہوس آف کامنز

مجلس عدلیہ - شہریان کا ہائی کورٹ -
مجلس عسکری - کورٹ مارشل -
مجلس عسکری الآی - رجمنٹ کا کورٹ مارشل
مجلس عسکری عالی - ہیڈ کوارٹر کا کورٹ مارشل
مجلس عسکری مرکزی - ضلع کا کورٹ مارشل
مجلس لردیا - ہوس آف لارڈز - دارالامراء -
مجلس مذاکرہ - کانفرس -
مجلس ملی - کسی ملک کے اعیان دینی کی انجمن -
مجلس نظامیہ - کورٹ مارشل -
مجلس نواب الامۃ - پارلیمنٹ -
مجلس وکلا - ہوس آف کامنز -
مجلسی - گول کمرہ - ملاقات کا کمرہ - چینی یا بنگلی
مجلہ - مخزن - رسالہ -
مجمعہ - گول تانبہ کی سینی -
مجموعہ کولات - فوج کا جیم غفیر -
مجیدی - روم کا ایک سکہ مساوی ہے (۱۸) شلنگ کے
مچ - کلائی - ساعد -
مچ دست - کلائی - ساعد عوام کی زبان سے فصیحا - (بند دست) کہتے ہیں
محبہ - کمسن - صغیر السن -
محاسبچی - کنٹرولر - صدر محاسب -

محافظ ادارہ - دفتر کی حفاظت کرنیوالا -
محبوس - گارڈ روم کا قیدی -
محجر - قرنطینہ - قید -
محران سنگ تعلیم - معائنہ کرنیکی مشق -
محرمانہ - مخفی راز - رازہ سربستہ -
محرمہ - رومال -
محطہ - ریل کا اسٹیشن -
محصل - پیادہ - ناظر - گرفتار کنندہ -
محصولات طبعی - قدرتی پیداوار
محقق - یقیناً -
محکمۃ الاستیناف - عدالت اپیل - مرافعہ
محکمہ استیناف عالیہ - ہائیکورٹ آف اپیل -
محکمۃ التمیز - ہائی کورٹ -
محکمۃ الجزاء - عدالت فوجداری -
محکمہ حقانیہ - عدالت کا سررشتہ -
محکمۃ الحقوق - عدالت دیوانی -
محکمہ خارجہ - فارن آفس -
محکمہ داخلہ - ہوم ڈیپارٹمنٹ -
محکمہ قنصلیہ - قونسل کا دفتر -
محکمہ مالیہ - فینانس آفس -
محکمۃ المخالفات - وہ عدالت جس میں خلاف ورزی سرکار کے مقدمات فیصل کیے جائیں

مَحَل - کمپنی۔
مَحَلُّ الادب - پاخانہ۔
مَحَل تربیتی - بڑے مقصد کی جگہ۔ بڑا مفید مقام
مَحَلُّ الاستراحت - مسافرخانہ۔
مَحَل تجارتی - کوٹھی - تاپ - فرم۔
محمدی - منقولات - علوم عقلیہ۔
مَحَل مرکزی - صدر مقام - مستقر۔
مُحَوَّطہ - سرحد کی دیوار۔
مُحِیل - چالاک۔
مُخابرت - معاملہ - مراسلت۔
مُخالفت شروطِ عہد نامہ - معاہدہ کے شروط کی خلاف ورزی۔
مَخبَر - (صد منظر) مجازاً دل۔
مُخبِرُ الدولہ - کسی اخبار رسالے کا معتمد۔
مُخبرِ روتر - ریوٹر کا نامہ نگار۔
مُخَشَّص - مزروڈ - مخفوظ۔
مَخمَل - (جو اصل میں مقطع ہے) قالین یا اون کا مستعدہ کام
مُخَدَّرہ - عورت کو خطاب کرنے کا اخلاقی کلمہ۔
مُخَدّہ - بالش - تکیہ۔
مَخرَج - نصب نما۔

مَخزَن - باروت خانہ۔
مِخلاط - توبرہ۔
مُخلَّفات - جائداد متروکہ۔
مُخلوفہ - اونٹ کا زین محمل - کجاوہ۔
مخوش مرگ ما - خودنما - چنچل عورت جو عاشقوں کو اپنے ناز وادا سے دغا دیتی ہے
مَداخِل - فتوح - آمدنی۔
مِدادِ پاک کن - ربڑ - انگریزی۔
مَداز - ایک قسم کا جوتا جو شام سے آتا ہے۔
مَداف کش کھینچنے والا - جہاز ران۔
مَدال - (مڈل کا معرب) تمغہ۔
مُداوَلت - غور و خوض - ارادہ۔
مَدخَل - اندر آنے کی اجازت - آمد
مِدخَنہ - چمنی۔
مَدرسہ دائمہ - کالج۔
مَدرسہ کلیہ - یونیورسٹی۔
(یہ معنی غلط معلوم ہوتے ہیں - کالج ہونا چاہیے۔)
مُدَرَّعہ - آہن پوش جہاز۔
مِدفَعہ - توپ۔
مِدفَعِ اُردی - فیلڈ گن - میدان جنگ کی توپ
مادام (ـ) میڈم - خانم - بیگم

مدنی - میٹھا نیبو۔

مدور - (جسکو عوام مدبر کہتے ہیں) گنڈا - کرسی۔

مدیر ادارہ - ڈائرکٹر آف اڈمنسٹریشن۔

مدیر روزنامہ - اخبار کا ایڈیٹر - مہتمم

مدیر عام - ڈائرکٹر جنرل۔

مدیر عموم حسابات - صدر محاسب۔

مدیرہ - اوستانی - اتالیق عورت۔

مذاق - قوت ذائقہ (منشی ٹھٹھولے معنی میں [illegible])

مذکر سماعی - زن مرید

مذنب مہجور - غیر حاضر - قصوروار۔

مذہب اسرار زبان - تصوف۔

مراجعہ - دُھرانا۔

مرارت - تکلیف - دقت۔

مرافعات جنایتی - تھانہ فوجداری۔

مراقب - تفتیش ساز - نگہبان۔

مرال - بارہ سنگھا۔

مرانہ ساز - (محاورہ) مجھکو نہ بناؤ یعنی دیوانہ نہ بناؤ۔

مراودہ - میل جول - سلسلہ - دوستی - آمد و رفت - خط و کتابت - مراسلت۔

مرتاح - آرام دہ - آسائش دینے والا۔

مرتبہ - چبوترہ - کرسی۔

مرتبہ بالا - اوپر کی منزل۔

مرتبہ تحتانی - نیچے کی منزل۔

مرتبہ دار - کسی منزل یا درجے کا۔

مرتع - چراگاہ - سبزہ زار۔

مرج ونولی - شکر سے یا کٹے کا لقمہ

مرج پولی - رقم - کٹے کا [illegible]

مرجال - (بنگالی سوجی کی قسم ہیں) سوجی [illegible]

مرخص کردن - نکال دینا - خارج کر دینا - برطرف کر دینا۔

مرخصی - رخصت - اجازت - پروانگی تعطیل [illegible]

مرداب - ترائی - کچھار - نیز اور کھڑا پانی۔

مرد پولیتیکی - خود غرض شخص۔

مرد حسابی - بھلا آدمی۔

مرد رندی - ہشیار - پکا۔

مرد رو - راستے کے بازو کا چبوترہ۔

مرد شل - وہ شخص جس میں کوئی ہنر نہ ہو۔

مرد غوغائی - لڑاکا اور بدزبان مرد۔

مرسیلز - فرانس کا قومی گیت۔

مردک - مرد کی تصغیر (تحقیراً کمین)

مردکہ - مرد کی تصغیر یا تحقیر [illegible]

مردان نظامی - پولیس۔

مُردہ ریگ - ترکہ - ورثہ۔

مُردہ شُو - مردہ شو (ہند) مردوں کو نہلانے اور گاڑنے والا۔

مُردہ شوُرت ببرد - بدعا - تو اٹھ جائے تجھے غسال لے جائیں۔

مَردی - کشتی کا مستول یا ڈنڈا چپو۔

مرز - یک [illegible]

مرزا یا میرزا - (نام کے بعد) شاہزادہ۔

مرسلیز - جمہوری سلطنت کی مدحیہ نظم۔

مرسل فرانسہ - فرانس کا ایک مشہور بندرگاہ - مرسیلز۔

مرسی - بندرگاہ۔

مرش - مارچ - کوچ۔

مرشال و مرسل - (مارشل) سپہ سالار - سپہ ترک

مُرغ باد - بادنما۔

مُرغ جلاب - شہد کی مکھی کھانے والا ایک پرند۔

مُرغ چتری - چھتری دار دم والا مرغ۔

مُرغ خوابانیدن - مرغی کو انڈوں پر بٹھلانا

مُرغ زیرک - ایک قسم کا جنگلی مرغ۔

مُرغ سبز قبا - ہریل۔

مُرغ شب آہنگ - سلو کا مستعار نام

مُرغ بکش - پدا۔

مُرغ ہندی - بڑی نسل مرغ۔

مَرق - کائی۔

مَرقہ - اچار - چٹنی۔

مُربات - زرد میووں سے مراد ہے مثلاً لیمو - نارنگی وغیرہ۔

مرکب حرب - جنگی جہاز۔

مرکب دان - دوات۔

مرکز کشف - فوج کی نقل و حرکت کا مقام۔

مرکز عمومی - صدر دفتر۔

مرکوب - جوتا۔

مرکوبس - اعدا مقام کا خیمہ

مرگا مرگی - طاعون کی بیماری۔

مرگ شما - آپ کی جان کی قسم۔

مرگ موش - سم الفار۔

مرگن - گلدان۔

مرما - تختوں کی رگڑ کی آواز۔

مرما گردن -
مرمہ گردن - ایک جہاز کا موج کی وجہ سے نیچے اوپر ہونا

مرمنجان - ایک قسم کا میوہ۔

مروارید یتیمی - گول موتی۔

مَرِیض خانہ - دواخانہ۔
مَرِیوَل - تانبہ یا پیتل کی کھال۔
مَزائِیدہ - نیلام - ہراج۔
مَزراق - برچھی - نیزہ۔
مَزرکش - ملمائی - گوٹے کی بنی ہوئی چیز۔
مُزغان باشی - گانے والوں کا اوستاد۔
(نوٹ مزغان موزیکان کا مفرس ہے)
مَزگان - موسیقی (عوام کی زبان ہے)
مُزَمِّر - گھوڑوں کو تربیت کرنے والا۔
مَزنہ - بوچھار۔
مَزنّہ - ٹپادن۔
مَزہ عَرق - چاشنی - گزک۔
مُزدگانی - خوشخبری سنانے کا انعام۔
مُسابقت - گھڑ دوڑ (علماء کی زبان ہے عامۃ الناس اسپ دوانی کہتے ہیں)
مُساوِم - مشتری کا خریدار۔
مُساوَمت - خرید و فروخت۔
مِس پوش کردن - جہاز کی چھت پر تانبے کا پتر چڑھانا۔
مُستانِف - اپیلانٹ - مرافع - اپیل کرنے والا۔

مُستَبِدّین - کنسرویٹوز (حزب المحافظین)
مُستَحفِظ - نگہبان - بدرقہ - ہمرکاب۔
مُستَخدَم - ملازم - نوکر۔
مُستَراح - پاخانہ۔
مُستَشار - کونسلر - مشیر۔
مُستَشار مالی - فنانشل اڈوائزر۔
مُستَ لاالعقل - مست - سیاہ - حیلوتین الو - مخمور۔
مُستَلم - وہ شخص جس کو مال بھیجا جائے یا سپرد کیا جائے۔
مُستَمری - وظیفہ - پنشن۔
مُستَملکات - نوآبادیاں - بستیاں مقبوضات
مُستَودِع - امین۔
مُستورہ - نمونہ۔
مُستَوفی - فنانشل منسٹر۔
مُستَوفی الممالک - لارڈ چنسلر سلطنت کا سب سے بڑا افسر
مُستَوی - پکا ہوا - پختہ۔
مُسَجَّل - جس پر مہر کی گئی ہو جس پر دستخط کردئے گئے ہو۔
مَسخرہ جی - بھانڈ۔
مُسَبِّع - تاسید۔
مُسری - متعدی (بیماری)

مسقط ۔ تجویز ۔ تدبیر ۔ منصوبہ ۔

مسکوب ۔ ماسکو (روس کا قدیم پایۂ تخت)

مسمائی ۔ اوس بکرے کا گوشت جس کو ذبح کرکے زمین میں دفن کر دیتے ہیں ۔

مسموغ ۔ سنا ہوا ۔ معقول ۔ مناسب ۔

مسوکر ۔ رجسٹری کیا ہوا ۔

مسوکرہ ۔ پارسل ۔

مسلہ ۔ سوئی ۔ ستون ۔

مسئول ۔ ذمہ دار ۔

مسئول کردن ۔ مواخذہ کرنا ۔

مسئولیت ۔ ذمہ داری ۔

مسئولیت جنائی ۔ مجرمانہ ذمہ داری ۔ جوابدہی

مسیک ۔ پرا ۔ فرقہ ۔ جتھا ۔

مسیل ۔ چھوٹی گھاٹی ۔

مسینہ آلات ۔ تانبے کے برتن ۔

مسیو ۔ یعنی جناب ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ فرانسیسی کے نام کے بعد تعظیماً لگایا جاتا ہے ۔

مشابہ ۔ ٹوکرا ۔

مشاجرہ کردن ۔ حجت پیش کرنا ۔

مشاق ۔ ڈرل ماسٹر ۔ قواعد آموز ۔

مشاپچی ۔ قدر انداز ۔

مشتوح الذراعین ۔ لمبے بازو والا ۔

مشت ۔ شوربے کا گاڑھا پن ۔

مشت دروغ ۔ مسلسل جھوٹ ۔ جھوٹ کا پل ۔

مشتو کردن ۔ جلق مارنا ۔ مشت زنی کرنا ۔

مشتہ ۔ سوگرہ ۔ (مکان کا)

مشتجر چین ۔ چین کی تحریر

مشترف ۔ بڑی گون کی جگہ ۔ بہت مفید موقع ۔

مشرق ادنیٰ ۔ روم ۔ ترکستان ۔ ایران ۔ ہندوستان سے مراد ہے ۔

مشرق اقصیٰ ۔ مشرق بعید ۔ چین جاپان اور جزیرہ نمائے ہند چینی سے مراد ہے ۔

مشرق زمین ۔ ممالک شرقی ۔

مشروع ۔ وہ کپڑا جس میں ریشم اور روئی ہو ۔ قانونی

مشعوف ۔ خوشنود ۔ مسرور ۔

مشق نظام ۔ (ڈرل) فوجی قواعد ۔

مشمع ۔ موم جامہ ۔ واٹر پروف ۔

مشمع شومی ۔ موم کا کپڑا ۔

مشہدی ۔ وہ جس نے مشہد کی زیارت کی ہو ۔ (کلمہ تعظیم)

مشیر ۔ فیلڈ مارشل ۔

مشیلہ ۔ جھیل ۔ دلدل ۔ ڈابر ۔

مصادرت - جرمانہ۔

مصادرۂ اموال - قرقی ضبطی۔

مصادق - مطابق - برابر۔

مُصادِق - دوستانہ۔

مصارف شال - اخراجات نقل وحمل۔

مصاری - فلوس۔

مصب - دہانہ - دریا کے گرنے کا مقام۔

مصروفات - اخراجات۔

مصطبہ - کوچ - تخت خواب۔

مصلحت - سررشتہ صیغہ۔

مصلحۃ البوسطہ - ڈاک خانہ۔

مصلحۃ الری - سررشتہ آبپاشی۔

مصلحۃ الصحۃ العمومیہ - طبابت اور حفظان صحت کا محکمہ

مصلحت پولس - پولیس ڈپارٹمنٹ - سررشتہ پولیس۔

مصلحت سجون -

مصلحت محابس - } قیدخانوں کا سررشتہ۔

مصلحت منع تجارت رقیق - غلاموں کی تجارت کی ممانعت کا محکمہ

مضافات - اضلاع۔

مضبطہ - ممویل - یادداشت۔

مضبوط - مرتب (مستحکم کے معنی میں نہیں ہے)۔

مضمون بکر - اچھوتا مضمون جس کو کسی نے نہ لکھا ہو۔

مضیق - آبنائے۔

مطرب باشی - مہتمم ارباب نشاط۔

مطلب - مضایقہ۔

مطلبی نیست - کوئی مضایقہ نہیں - کوئی پروا نہیں

مظاہرہ - مخالفت یا موافقت کیلئے جوش کا اظہار۔

منطرہ - چقماق۔

مظلل - سایہ دار۔

مظلوم - خاموش - صلح کل - بے شر و فساد۔

مظلہ - بڑا خیمہ۔

معابر طبیعیہ - دروں اور دریاؤں سے مراد ہے۔

معارضہ - عذرداری۔

معارف - تعلیمات - سررشتہ تعلیمات۔

معارف عمومیہ - سررشتہ تعلیمات۔

معاریف - مشاہیر - معروف لوگ۔

معاشرت باز گرفتن - حقہ پانی بند کردینا۔

معاملہ پولی - روپے کے لین دین کا معاملہ۔

معاون - اڈجوٹنٹ۔

معاونت وجہی - مالی یا رقمی مدد۔

مُعاہدۂ مُثلّثہ - (ٹرپل الائنس) اتحادِ ثلاثہ -

مِعبَر - گھاٹ سے پار ہونے کی کشتی -

مُہتَمِم مُنتظِم - مینجنگ ڈائرکٹر - وہ افسر جس کے ذمہ انتظام و نسق ہو -

مَعجَر - جنگلہ - جالی دار دیوار - چادر آب - عورت کی چادر - سیڑھی -

مَعجون - ٹانک -

مُعدِن گشتن - [illegible] -

مَعرِض - نمائش گاہ -

مُعرِف - جان پہچان -

مَعرکہ کردن - شور و غل کرنا -

مُعسکِر - فوجی چھاؤنی - کنٹونمنٹ -

مُعضلات - مشکلات -

مُعطّل - منتظر -

مُعطّل شُدن - انتظار کرنا - منتظر رہنا -

مُعطّل ماندن - نقصان ہونا -

مُعطّلی - انتظار -

مُعقول - وہ طالب علم جو نیک اور خوش رویہ ہو -

مَعلَبکی - تشتری -

مُعلّق - قلابازی -

مُعلّق زدن - بازی گر نٹ -

مُعلّق وار رُوئے زدن - قلابازی مارنا -

مُعمّد - پتسمہ کرنے والا - اصطباغ دینے والا -

مَعمار - مستری -

مَع مَع کردن - میانا - میا میا کرنا -

مَعو مَعو کردن - میاون میاون کرنا -

مُعیر الممالک - مہتمم خزانہ -

مُعیل - عیال دار -

مَغازہ - مال کا گودام -

مَغاکِ خاکستر - ملبا - کوڑے کرکٹ کا ڈھیر -

مَغربی - مغرب کا وقت - مراکشی -

مَغزہ - ڈوری جو وردی (لباس) وغیرہ میں لگتی ہے -

مَغلوط - بےقاعدہ - صرف و نحو کے خلاف - نامربوط -

مُف - اینٹ -

مُفت خود دانستن - غنیمت سمجھنا -

مُفتّش - انسپکٹر - ناظر -

مُفتکی - بےمول - بلا قیمت -

مَفتول - بٹا ہوا تار کا رشتہ - جہاز کی رسی -

مَفتول - شہتیر -

مُفرغ - (صحیح مُفرَغ) فلز کا ڈھلا ہوا -

مَفروضہ - بلند - اونچا - جدا - الگ -

مَفروضاتِ قرآن - قرآن مجید کے [illegible] -

مُقاصَّہ - بدلہ عوضانہ -
مُقاطعہ - قول و قرار - بچن - بانسگاٹ - گتہ -
مَقالہ - ج (مقالات) اخبار کا مضمون - آرٹیکل ایڈریس - اسپیچ -
مَقالۂ مخصوص - (لیڈنگ آرٹیکل) ایڈیٹر یا چیرمین کا مضمون یا اسپیچ -
مُقاوِل - گتہ دار - ٹھیکہ دار -
مُقاوِلہ - گتہ ٹھیکہ -
مَقامُ الکسر - نصب نما - ڈینامینیٹر -
مُقایضہ - لین دین -
مُقرّبُ الحضرۃ - خشیوں و پیشکاروں کا نجلا -
مُقرنس - ماہی پشت -
مُقصّر - ملزم جس پہ جرم لگایا گیا ہو -
مُقطّر - بخیل - کنجوس -
مُقطّع کردن - گتہ کرنا -
مُقلّد - اکبٹر - تماشا کرنے والا - بازیگر
مَقلمہ - قلم تراش -
مُقیّد - مچلکا -
مُکارہ - خرچی -
مُکاریہ - کرایہ والا -
مُکاری - خچر گدھے اور اونٹ کو کرایہ پر دینے والا

مَکّان - پاخانہ -
مَکتبہ - دفتر -
مَکث - نفع - فائدہ -
مَکث کردن - (چند منٹ کیلئے) ٹھہر جانا -
مَکسورُ الخاطر - شکستہ خاطر -
مُکلّفات - فرنیچر -
مَکنونات - اشیائے مظروف -
مَگاتریوم - عنقا اور سیمرغ کی قسم کا ایک جانور جواب معدوم ہے -
مَگزین - سامان و ذخیرہ رکھنے کی جگہ -
مُلّا - (یہ ملواح کا بگڑا ہوا ہے) ایک پرندہ جانور جو شکار میں طعمہ یا چارہ کا کام دے -
مُلّاباشی - بڑا مولوی - شاہی مجتہد -
مُلازم اوّل - لفٹنٹ -
مُلازم ثانی - سب لفٹنٹ -
مُلازم رکاب - درباری - اتیاذی - ندیم -
مُلافہ - چادر جو لوٹے پہ بچھائی جاتی ہے -
مُلاقہ - (ملعقہ کی بگڑی ہوئی شکل ہے) ڈوئی -
مُلّاک - مالک اراضی - تعلقدار -
مَلال - بھولا - سستی - کاہلی -
مِلانی - دھات کا ظرف -

مُلّاستی - تجھ کو لکھنا پڑھنا آتا ہے -؟

مِلایہ - چادر -

مُلّائے مکتبی - اپنی لیاقت کا اظہار کرنیوالا -

مُلّائے یہود - حبر - (یہودیوں کا مرشد)

مِلّت - کسی بادشاہ کے زیر فرمان لوگ خواہ مذہب اور جنس کے لحاظ سے علٰحدہ علٰحدہ ہوں نیشن - قوم -

مُلتزمین - حشم و خدم -

مُلتزمین رکاب - بادشاہ کے خدام و اتباع

مُلاحظہ - ریمارکس - کیفیت -

مُلحد - بدعتی -

مُلحقات - لوازمہ ضروری اشیا -

ملحوظات - ہدایات -

مَلخیت - سفید چمکدار پتھر جس پر رنگ برنگ کے نقوش ہوتے ہیں -

مَلِس - چکنا -

مَلغم / مَلغمہ } (اصل گم کا مفرس) پارے کیساتھ دوسری دھات کا میل

مَلفوف - کرم کلہ -

مُلفہ - پلندہ -

مَلکُ الکتاب - بڑا کتاب فروش کا شاہی خطاب -

مَلکی - شیراز کا بنایا ہوا ایک نفیس جوتا جس میں سفید کپڑا لگا ہوتا ہے -

مَلَنگ - خوب صورت - خوشنما - (فصحائے ایران نے غیر فصیح قرار دیا ہے)

مِلوائح - شکار کا طعمہ (بحرین کی زبان) -

مَلول - شیر گرم - گنگنا -

مَلہ - پشو -

مِلیون - (انگریزی ملین کا مفرس) دس لاکھ -

ملیونیر - لکھپتی -

ملیشیا یا ملیتیر - ملیٹری - فوج -

ملیح - خوش نما -

مِمِم - ریچھ - خرس -

مُمارست - دھندا - معاملہ -

مُمثّل - ایکٹر -

مَمَرّ - گزرگاہ بحری -

مُمیّز - انسپکٹر - پرکھیا - جانچنے والا -

مُمیّض تشخیص قیمت کرنیوالا - (خصوصاً عمارات و فصول کی)

مناردرگون ممتنعک - غیر ممکن بات - امر محال

مَنارہ - ستون - کالم - کنایۃً ذکر -

منارۂ خاموش - دخمہ (پارسیوں کا مردہ گھر) -

مُناسبات ڈپلومیٹیک - سیاسی تعلقات -

مُنافات ۔ انکار ۔

مُناقصہ ۔ فیصلہ کرنا ۔ حکم دینا ۔

مُناورہ ۔ حرکات عسکریہ ۔

مُنبتی ۔ تصویر ۔

منتر خوان ۔ افسوں گر ۔

منجر ۔ منتظم ۔ مہتمم ۔ منیجر ۔

منجستان ۔ ایک قسم کا نارنگی کا درخت ۔

منجنیق ۔ پاڑ یعنی وہ چیز جو سامان کی تعمیر کے وقت معمار بناتے ہیں ۔

مُندرجات ۔ الحاقات ۔ تحریفات ۔ زوائد ۔

مندوب ۔ ڈیلیگیٹ ۔

منزل ۔ ہوٹل ۔

منزل ساچمہ ۔ چھرے کی مار ۔

منزل منزل خود داشتن ۔ خود بے تعلق ہونا ۔ ماصر ہونا ۔

منستر ۔ خانقاہ ۔ گرجا ۔

منسوجات ۔ بنی ہوئی چیزیں ۔

من شان ۔ کے غلط کے لئے ۔

منشعب شدن ۔ جدا جدا ہونا ۔

منشف ۔ توال ۔

منشی حضور ۔ پیشکار ۔ کورٹ سکرٹری ۔

منشی مراسلات مخصوصہ ۔ چیف کارسپانڈنٹ ۔

منصب شدن ۔ داخل ہونا ۔

منطقہ حوضہ ۔ وہ ملک یا اس کا قطعہ جسکے دریاؤں کا پانی سمندر میں بہتا ہو ۔ کاس زیبا ۔

منظومہ جبلی ۔ کئی پہاڑوں کا مجموعہ ۔

منقاش ۔ موچنا ۔ نیپٹی ۔ بکچوٹی ۔

منکہ ۔ (منٹ کوئن کا مفرس) سانچا ۔ فلزات پر نقش کرنے کی کل ۔

منگال ۔ ہنسیا ۔ درانتی ۔

منگنہ ۔ ہتوڑی ۔ ہتوڑا ۔ کل ۔ آلہ شکن ۔

منگولہ ۔ پھندنا (ٹوپی کا) ۔

من من خواندن ۔ منہ میں بولنا ۔

من من کردن ۔ آپ اپنی تعریف کرنا ۔ اپنے منہ میاں مٹھو ہونا ۔

منوار ۔ جنگی جہاز ۔

منوور ۔ فوجی حکمت ۔ چال ۔ فریب ۔ مکر ۔ جنگی تدبیر ۔

منہ ۔ جبڑا ۔

مو ۔ بال ۔ تڑک ۔

مو ۔ نقش ۔ جال ۔

مو ۔ انگور ۔ رز ۔

مواد تجارتی ۔ تجارت کا سامان ۔

موادِ گداختہ - آتش خیز پہاڑ کا پگھلا ہوا مادہ - لاوَن -

مواظبِ حرکات شدن - کسی کے حال کی نگرانی کرنا -

موازنۂ تجارت - مال کی قیمت کا جو ملک کے اندر آیا ہو برابر ہونا -

موبیز - بالوں تاروں یا کپڑے کی چھلنی -

موتِ ابیض - ناگہانی موت -

موجِ مُردہ - حرکتِ بحر - چڑھاؤ - پانی کی باڑھ -

موچ پا - تختہ - گٹا -

موُوار شدن - تڑخنا -

مورچہ خوار - چیونٹیوں کا کھانیوالا جانور -

مورد - خوشبودار مہندی -

مور مور - (پیر میں) چیونٹی بھر جانا - سُن ہو جانا -

مور مور کردن - پیر وغیرہ کا سُن ہو جانا - شل ہو جانا چیونٹیاں بھرنا -

موری - بہترین قسم کی خوبانی -

موریانہ - دیمک -

موزائیق - جڑاؤ - مرصع -

موزہ - (میوزیم کا مفرس) عجائب گھر عجائب خانہ گاتا جاتا -

موزہ انتھوگرافی - علم انسانی کا عجائب خانہ -

موزہ خانہ - عجائب گھر -

موزیکانچی - باجہ بجانے والا -

موزیکی - موسیقی کا مفرس -

موزیک - موسیقی -

موس - اُسترا -

موستان - پھلواڑی - پھولوں کا باغ -

موسمِ پائیز - موسمِ خزاں -

موسیقان - موسیقی -

موسیو، مسیو - (مفرس از فرانسیسی) مسٹر صاحب -

موشِ بیابانی - جنگلی چوہا -

موشِ پران - گلہری -

موشِ دوپا - جنگلی چوہا واضح ہو کہ (کنگرو) ایک مشہور جانور کو بھی کہتے ہیں -

موشِ سلطانیہ -
موشِ سلطانی - ایک قسم کا بڑا چوہا جو خرگوش کے برابر ہوتا ہے - بلاد فلسطین میں ہوتا ہے

موشِ سلیمانیہ - کوہی چوہا -

موشِ صحرائی - کھیتوں میں رہنے والا چوہا - یہ نوع -

موشکِ دریائی - تارپیڈو -

موشکِ ہوائی کردن - کسی کے پیچھے آزار بنانا کسی کی

موشک دوانیدن - کسی کا غضب بھڑکانا -

موشک ہوائی - ہوائی جہاز۔

موش مار خور - نیولا۔

موضع معتاد - دُبُر کا اخلاقی نام۔

موعودین - مدعوین - دعوتی اشخاص۔

موقوفات - وقف کی ہوئی چیزیں۔

مولود حضرت عیسیٰ - کرسمس کی عید - یوم ولادت

مون - پہاڑ - کوہ۔

مونتکرو - ملک مانٹی نگرو کا رہنے والا۔

مونت مرت - آتشبازی کا قلعہ۔

موے از کف برآوردن - ہتیلی پر سرسوں جمانا۔

موے دماغ - حاسد - کینہ توز۔

موے دماغ شدن - عیش میں خلل ڈالنا

موے زم - ج - ہ - ا - ن - ط - ریشم

موے عملی - بالوں کی چھوٹی ٹوپی۔

مویہ - مصالحہ دار قیمہ سے بھری ہوئی آنت

مویہ کردن - ماتم کرنا - شیون کرنا - نوحہ گری کرنا

مہاجمہ - حملہ کرنا۔

مہار جہاز - (بفتح میم) جہاز کے لنگر انداز ہونے کا رستا

مہتابی - چھت کے اوپر کا کھلا ہوا برآمدہ -
ایک قسم کی دیا سلائی۔

مہتر - سائیس - نگہبان اسپ (خاکروب کے
معنی میں ہندی ہے)

مہد دانش - حکمت الٰہی۔

مہد علیا - شاہ ایران کی والدہ اور عام امراء کی
بیبیوں کا خطاب۔

مہدی - عمیم الاحسان - خلق مجسم۔

مہرہ دان - پانسہ پھینکنے کا صندوق۔

مہم - ضروری۔

مہمان خانہ - دار الاقامت - ہوٹل۔

مہندس - انجنیئر

مہندس نظامی - فوجی انجنیئر۔

مہندسی - انجنیئری۔

مہتر - کہر - کہرا۔

مہیج - موثر - دل نشین۔

میان پر - ایک قسم کی مٹھائی۔

میان جی گری - محاکمہ - فیصلہ - ثالثی۔

میانجی - درمیانی - تفہیم۔

میان زمستان - سخت سردیاں۔

میانہ - قطار۔

میانہ بہم خوردن - مراسم نہ ہونا۔

میخ بند - وہ خیمہ جو کھونٹی سے باندھا جاتا ہے۔

میخ پیچ - اسکرو - ڈریو۔

میخک - پاؤں پر کا گھٹا۔

میخ کردن ۔ پکانا ۔

میخ کش ۔ سنسی ۔ امبور ۔

میدان اسپ ۔ پون میل کا اندازہ ۔

میدان اسپ دوانی ۔ گھوڑ دوڑ کا مقام

میدان مشق ۔ پریڈ کی زمین ۔ قواعدگاہ ۔

میدانہ ۔ وسعت ۔ آبادی ۔

میرالای ۔ کرنیل ۔

میر تیپ ۔ برگیڈیر ۔

میرزا ۔ وہ شخص جس کا باپ شیخ اور ماں سیدانی ہو
منشی ۔ کاتب ۔

میرزا قشمشم ۔ بانکا چھیل چھبیلا ۔

میر شکار ۔ شاہی شکار خانہ کا مہتمم

میر غضب ۔ جلاد ۔ سفاک ۔

میرغہ ۔ قدم بازی ۔ گھوڑے کا دلکی چلنا ۔

میزان الحرارۃ ۔ تھرمامیٹر ۔

میزان باران ۔ بارش کا پیمانہ ۔

میزان رطوبت ہوا ۔ ہوا کی تری دریافت کرنیکا آلہ

میزان ہوا ۔ آلہ بارامیٹر ۔ عوام (شیشہ ہوا کہتے ہیں)

میز پوش ۔ ٹیبل کلاتھ ۔

میز گلولہ بازی ۔ بلیارڈ ۔ آشنا کھیل کا تخت

میشر فور ۔ میجر ۔ فوجی افسر ۔

میعادگاہ ۔ کسی خاص ملاقات کرنے کا مقام ۔

می گو ۔ گھونگا ۔ جھینگا ۔

میل ۔ گندسوئی ۔ چٹخنی ۔ بلی ۔

میل ۔ ڈاک ۔

میل بخار ۔ دودکش چمنی ۔

میل برق ۔ لینگ راڈ ۔

میل زورخانہ ۔ ہندوستان کے مگدر ۔ موگدر ۔
موگری ۔

میل قبل ۔ گزشتہ ڈاک ۔

میل ورزش ۔ مگدر ۔ موگری ۔

مینوریتہ ۔ (مینورٹی کا مفرس) فریق مغلوب ۔
اقلیت ۔ کمی رائے ۔

میوز ۔ کتا ۔

میومیو ۔ بلی کی میاؤں میاؤں ۔

میہن ۔ گھر ۔ نسل ۔ خاندان ۔ اہل خانہ ۔ اولاد ۔
قبیلہ ۔ دودمان ۔

باب نون

نااہل ۔ نافرمانبردار ۔ سرکش ۔

نابسامانی ۔ پریشانی ۔ بے انتظامی ۔

نابودگی ۔ نیستی ۔ عدم ۔

نَاپاک - تیز طبع - چالاک -
نَاپدری - سوتیلا باپ -
نَاخن - انگلی -
نَاخنک زدن - نوچنا -
نَاخوش - بیمار - بیمار - علیل - (ناراض کے معنی میں مہمل ہے)
نَاخوش بستری - صاحب فراش - بیمار علیل
نَاخوشی - بیماری - علالت -
نَاخوشی آبلہ - چیچک کی بیماری -
نَاخوشی اُبنیہ - گانڈ مرانیکی عادت -
نَاخوشی دریا - سفر دریا کی متلی -
نَاخوشی شاش بند - حبس البول - عسر البول -
نَادرست - تیز - بھڑکیلا -
نَار - فائر کرو - شلک کرو -
نَارگیلہ - حقہ -
نَارنجستان - نارنگیوں کا باغ - گرم خانہ جہاں گرم ممالک کے درخت بوئے جاتے ہیں
نَارنج قلعہ - مستحکم قصر - مضبوط گڑھی -
نَارنجک - بم یا شل کا گولہ بھڑکنے والا -
نَارنجی مجلسی یا چینی - چین کا ایک میوہ -

نَارین دِژ - بالا حصار - وہ قلعہ جو پہاڑ پر ہو -
نَاریہ - آتشبازی -
نَازشست - (باضافت) وہ انعام جو بادشاہ محافظ شکار کو دیتا ہے -
نَازک کاری - صیقل کرنا - صاف کرنا -
نَاستیک - دردشس -
نَاسرہ - کھوٹا - جعلی - (روپیہ پیسہ)
نَاسور - پرنالہ -
نَاشتا - بھوکا - گرسنہ -
نَاشف - خشک - سوکھا -
نَاشور - ایک کپڑا - (جسکو ہندوستان میں کورا مارکین کہتے ہیں)
نَاطق - سپیکر - مقرر -
نَاظر - سکرٹری - داروغہ - مہتمم - خانسالا -
نَاظر النظار - وزیر اعظم - پرائم منسٹر - صدر اعظم -
نَاظر اوقاف - افسر اوقاف
نَاظر خارجی - فارن منسٹر -
نَاظر خلوت - }
نَاظم خلوت - } پرائیویٹ سکرٹری -
نَاظر داخلی - ہوم منسٹر
نَاظر رسومات - ٹیکس کا مہتمم

ناغافل - دفعتہً - ناگہاں -
ناقور - [illegible] قربانی -
ناقلا - شہدا - بدمعاش - آوارہ - ٹھگ - واہیات -
ناقلہ - نٹ کھٹی - شریر
ناکدبانو - جو لڑکی ابھی شوہر کے پاس گئی ہو - نیز وہ عورت جو خانہ داری کا کام اچھی طرح نہ کرسکتی ہو -
نالکی یا نعلبکی - طشتری - رکابی -
نالش کردن - بخار یا درد سے آہ آہ کرنا - کراہنا -
نامادری - علاتی ماں - سوتیلی ماں -
نام در کردن - نیکنامی مین مشہور ہونا -
نامزد - منگیتر -
ناموس - توراۃ جو یہودیوں کی آسمانی کتاب ہے -
ناموس طبعی - قانون قدرت -
ناموسیہ - پلنگ - چارپائی -
نان برشتہ - ٹوسٹ -
نان چوبک - قدیم طریقہ کے موافق بنائی ہوئی روٹی -

نان خور - وہ نوکر جنکو روٹی ہی دی جاتی ہو -
نانس - سفیر - ایلچی -
نان فرنگی - کیک - روٹی -
نانوا - نان پز - روٹی پکانے والا -
ناوتیہ - ملاح -
نائب - ایک فوجی افسر جس کا مرتبہ سلطان سے کم ہوتا ہے - لفٹننٹ - رعایا کا قایم مقام -
نائب اجودان - (بلا اضافت [illegible]) ایران کا ایڈیکانگ -
نائب الحکومہ - لفٹنٹ گورنر -
نائب السلطنہ - وہ حاکم جو بادشاہ کے غیبت مین یا بادشاہ کی جانب سے حکومت کر دیتا ہے -
نائب اول - لفٹنٹ -
نائب چاپار - ڈاک کے گھوڑوں کا مالک -
نائب دوم - سب لفٹنٹ -
نائب سفارت - فرسٹ سکرٹری ڈپلوماسی -
نائب کمند - صدر سائیس -
نائچی - بانسری بجانے والا
نائے گلو - ٹیٹوا - حلقوم -

نبرده - جنگی جوان -

نبل - فرنیچر -

نتنز یا التنز - بڑی سرائی ناشپاتی -

نجد - سطح - مرتفع -

نحرکن - اونٹ کو ذبح کرنے والا -

نخ - سینے کا دھاگا - تاگا -

نخ پیچ - دھاگے کی پھرکی -

نخچیر باز - شکاری صیاد -

نخود بریز -
نخود چی - } بھڑبھونجہ -

نخود فرنگی - مٹر جو مشہور غلہ ہے -

نخری - فرزند اکبر - ارشد اولاد -

نخ کلفت - ڈوری -

ندا - فوجی حکم -

نذر - شرط - منت (پیشکش کی معنی میں بھی)

نرد و باختن - پانسے کھیلنا -

نرکو کردن - سسکی لینا -

نرمایہ - ہیجڑا - مخنث -

نرموک - ہیجڑا - مخنث -

نروج - ناروے جو یورپ کا ایک ملک ہے -

نرولاتق - [illegible] -

نرہ خر - احمق گدھا - الو -

نرائن - [illegible] -

نزاع [illegible]

[illegible] -

نزدیک بین - [illegible]
دیکھنے والا -

نژند - پریشان - آوارہ -

نژی نوق رود - ملاح - جہازران -

نساف - ایک چھوٹا پرند جس کا پنجہ لمبا ہوتا ہے -

نسبت دول خارجہ - ممالک غیر کے
تعلقات دوستی یا دشمنی -

نسخہ - اڈیشن -

نسخہ اول - پہلا اڈیشن -

نسخہ محرفہ - وہ اڈیشن جس میں تغیر و تبدیل کیا گیا ہو -

نسق - ہاتھ - پیر وغیرہ عضو کا قطع کرنا -

نسقچی - جلاد -

نسقچی باشی - صدر جلاد -

نشاط - جوش - دلچسپی -

نشاف - جاذب کاغذ -

نشان - پریزنٹ آرمز -

نشانِ آفتاب - سلطنت ایران کا ایک نشان یعنی تمغہ۔

نشانِ اقدس - شاہ ایران کا سلطنتی تمغہ

نشانِ تمثال - شاہ ایران کا تصویری تمغہ۔

نشانِ زر - سقر پیمین

نشانِ زانو بند - آرڈر آف دی گارٹر

نشانِ تراتیر - (سلطنت انگریزی کا نشان)

نشانِ سنت ژورژ - سنٹ جارج یعنی روس کا نشان۔

نشانِ قشون - فوجی نشان - علم۔

نشر - شایع کرنا - پھیلانا۔

نشکان - سانسی - انبور۔

نشکان گرفتن - چٹکی لینا۔

نشکنج یا نشکن گرفتن - چٹکی بھرنا - نوچنا

نشو - ارتقا - ایولیوشن - انواع کا بتدریج ترقی کرنا۔

نشوہ - نشہ - سرمستی۔

نصب کن - نام زد کرنے والا۔

نصب واحتیال - جوڑ بجانے

نطرون - سوڈا۔

نطس - پاکیزگی۔

نطق - اسپیچ - تقریر - لکچر۔

نطق کن - لکچرار - مقرّر۔

نظارہ - دوربین۔

نظارت خارجہ - فارن آفس۔

نظارت داخلہ - ہوم آفس۔

نظارۂ مکبرہ - خوردبین۔

نظارۂ میدان - رزمگاہ کے دیکھنے کی دوربین۔

نظام - باقاعدہ فوج۔

نظام نامہ - فوجی دستور العمل۔

نظامی - باقاعدہ فوج کا سپاہی۔

نظامی دادن - فوجی آدمی کا سلام کرنا۔

نظر بلند - فراخ حوصلہ۔

نظر بطاق ابرو افتادن - آنکھیں چار ہونا۔

نظر کردہ - آسودہ شخص۔

نعل بالنعل - ہوبہو - بعینہ۔

نعلبکی چاہی خوری - چاء کے برتن - ظرف

نغل - ولد غیر حلال - حرامی۔

نغوسا / نغوشا / نغوشاک / انغوشا - وہ شخص جو اپنے باپ دادا کا مذہب چھوڑ کر دوسرے مذہب میں جا ملے۔

نفر - ایک فوجی عہدہ -
نفرتک - ایک شخص - ایک نفر -
نفت یا نفط - پیٹرول -
نفسانیت - رشتہ داری کی طرفداری -
نفس کردن - ہوا کا کھینچنا (حقہ وغیرہ میں)
نفط - کیروسین آئیل یعنی مٹی کا تیل - پیٹرول -
نفوذ - انفلوئنس - اثر -
نقاب - آثار قدیمہ کو کھود کر تحقیق کرنیوالا
نقاب و حفار - سفر مینا فوج -
نقد - پیشگی -
نقدینہ - رقم - (سکوں کی شکل میں)
نقش خاتم - مانوگرام -
نقطہ - چوکی تھانہ چھاونی - سلام - نوارنا
نقطۂ اتصال - سنگم (دو دریاؤں کا ملاپ)
نقل - مضائقہ - شکل - وصف - خوبی -
نقل داشتن - ہوشیار و مستعد ہونا -
چالاک ہونا -
نقنقو - بدمزاج چڑچڑی طبیعت کا -
نقنقی - تنک مزاجی -
نقیب الاشراف - سادات کا پیشوا -
نک - چونچ - منقار -

نکاپ - آگہی - خبر -
نک دراز - ایک قسم کا پرند -
نکل - مقولہ - قول -
نکول - ابطال - منسوخی -
نگاردن - } تصویر بنانا - شکل بنانا -
نگاریدن }
نگارندہ - مولف - مصنف -
نلبکی - پیالی - کٹوری -
نمازخانہ - مسجد -
نمایندہ - ریپریزنٹیٹو - وکیل - ڈیلیگیٹ -
قائم مقام -
نمبر پوست - ٹکٹ ڈاک -
نمرہ - شمار - (نمبر کا مفرس) عدد - نشان -
نمرۂ تلفون - نمبر ٹیلیفون کا جو ہر شخص کے
مکان پر لگا رہتا ہے -
نمسا یا نمسہ - آسٹریا (یورپ کا ایک ملک) -
نمک فرنگی - ایپسم سالٹ -
نمناک - بارش کے (دن - زمانہ) -
نم نم - آہستہ - آہستہ -
نم نم باران - ترشح - پھوار
نمون - نمونہ -

نَنُو -
نَنُوئی - } جھولا - ہنگورا - ہنڈولہ - جہازی پلنگ
ننی -

نَنہ - مادر - امان - بوڑھی عورت (بچہ کی زبان ہے)
نَنہ باشی - حضرت قبلہ - (بزرگ مکان کا خطاب کلی)
نَو - طوفان - جھکڑ -

نَوادہ پسری -
نَوَہ پسری - } پوتا -

نوادہ دختری -
نَوَہ دختری - } نواسہ -

نَواگاہ -
نَواگہ - } عجائب خانہ -

نَوامند - تونگر - دولتمند - مالدار -
نَوبت آتش - مستقل آتش باری -
نَوبت آتشی کاش یعنی آتشباری موقوف کردو -
نَوبت تمام - بگل کی آواز -
نَوبت چی - اردلی -
نَوبہ - بگل کی آواز -
نَوبہ خیز - تب لرزہ -
نُولی - ملاح - ناخدا -
نَوچبہ - نوٹ بیل -

نُوج -
نُوجہ -
نُوژ -
نُوژہ - } قطرہ -

نَوچہ - مبتدی - نوآموز - نوبادہ -
نُور - وہ ہالہ جو پیغمبروں اور اماموں کی تصویروں میں دکھلایا جاتا ہے -
نَورد - گل - چرخ -
نَوَرند - ترجمہ -
نُورہ کشیدن - بال اڑانے کی دوا لگانا -
نُوش دارو - کلوروفارم -
نُوغان - فصل - موسم -
نَوکر چریک - بیگاری فوج -

نُوک قلم -
سر قلم - } زبان قلم یعنی قلم کی زبان - نب -

نُول -
ناولون یا } جہاز کی باربرداری - (ت) -

نَول - کرایہ -
نَمک بحرام - خائن -
نُوک - ہلال کا سرا (قرن) -
نُوند - قاصد - مخبر - جاسوس -

نوہ - نواسہ - نواسی - پوتا - پوتی -

نوہ پسری - پوتا -

نہار - صبح کا کھانا -

نہار چسپیدہ - صبح کا کھانا چا ہوا -

نہ بہ چہ - نہین تو کیا -

نہر شتوی - سرمائی نالہ -

نہ شنبہ آخر ہفتہ - سفید جمعرات - مراد - ہرگز نہین

نہمار - جو شخص نہایت بزرگ ہو - یکا یک - ناگمان - نادر - دشوار - مشکل - محال -

نہندر - / نہندرہ - عجائب خانہ جس مین اقسام کی نمائشی چیزین ہوتی مین -

نہنگ - ڈھیل مچھلی -

ننیانہ - امان جان - مان -

نیا - جد - واضح ہو کہ اس کی جمع (نیاگان) ہے

نیاز کن - عرض کرنیوالا -

نیازیدہ - محتاج الیہ یعنی وہ چیز جسکی حاجت ہو -

نے انبان - بینڈ باجہ -

نے انبان چی - بین باجہ بجانیوالا -

نیست اش - وہ موجود نہین ہے -

نیش - دانت - ناپ -

نیشانہ ناخن - نیشانہ (غصہ) دانت پیسنا -

نیشک زدن - منہ چڑانا -

نیکلا - نکولاس - (روسی لوگون کا نام) -

نیل برطاوس - ایک قسم کی عمدہ نیل -

نیم نبذ - آدہا ابلا ہوا انڈا -

نیم تنہ - صدری - ویسٹ کوٹ -

نیم چارک - پینٹ (ڈیڑہ پاؤ کا وزن) -

نیم خوار - پس خوردہ -

نیم رنگ - پھوٹا رنگ -

نیم رو - مسکہ مین تلا ہوا انڈا -

نیم سوز خر - میمانڈا حبشی -

نیم فوج سرباز - سپاہیوں کی نصف فوج -

نیم کت - نیم تخت - آرام چوکی - آرام کرسی - کوچ -

نیمہ آجر تراش - (آدھے اینٹ کی صورت) ...

نے نیش - احمق - بیوقوفی -

نیوار - گرہ ہو -

باب واو

واافت - تعطیل - ڈھیل - تاخیر -

واالیست - پژمردہ - رنگ جاوہ -

واپور - ریل کا انجن - اسٹیمر -

واچیده - آراسته و پیراسته۔
واخ - افواه - اُف ف۔
وارچی - یک یک۔
وارد - معاون - دریا - شاخ دریا۔
واردات - درآمد - امپورٹ۔
وارسی - نگرانی - دیکھ بھال۔
وارون - } اولٹا عکس۔
وارنه - }
وارونه کردن - سرنگون کرنا - اوندھانا۔
واز - پھیکے رنگ کا - اوجلا۔
واژه - کلمہ۔
واسے - لیے - برائے۔
وافورکشیدن - افیون پینا۔
وافوری - افیمچی - افیون کھانے والا۔
واق واق - بط کی آواز۔
واق واق کردن - بطخ کا چیخنا۔
واکس زدن - جوتے کو سیاہی لگانا۔
واکشیدن - سستانا۔
واگون - باربرداری کی گاڑی - مال گاڑی۔
والاد - چمت - ستط۔
والافلا - اور نہیں تو پھر

والمیدن - آرام کرنا - تکیہ لگا کر بیٹھنا۔
وامده - ساہوکار۔
وایست - ٹھہرو۔
وتیره - رسم - حساب۔
وخشور - بزرگ - رسول۔
وراق - کاغذ قلم روشنائی وغیرہ فروخت کرنیوالا - اسٹیشنر
ورآمده - خمیری - خمیر۔
وردک - بھیڑ۔
وردنه - بیلن۔
ورزن - بگوسی - زٹلی - ٹیسی۔
ورس - ایک میل۔
ورشکسته - دیوالیہ۔
ورشکستن - دیوالہ نکالنا۔
ورشو - نکل (ایک سفید قسم کی دھات)۔
ورق تمغه - پوسٹیج اسٹامپ۔
ورق کربون - کاربن پیپر جو مشہور کاغذ ہے۔
ورقه ورقه کردن - پتی جھڑنا۔
ورقه بیمه - بیمہ نامہ۔
ورک - ایک قسم کا درخت۔
وریالیدن - بہکنا۔
وندل - بندوق کا نام۔

وقت گذشت ۔ مدت ختم ہو چکی ۔

وقت گل نے ۔ غیر ممکن وقت ۔ مجازاً ہرگز نہیں

وقر ۔ شکروں کا اڈا ۔

وقعہ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔

وق وق ۔ بطخ کی آواز قائیں ۔ قائیں ۔

وکالت ۔ ایجنسی ۔ آڑہت ۔

وکیل ۔ ایک فوجی افسر جس کا درجہ نائب سے کم ہوتا ہے ۔ سارجنٹ ۔

وکیل او نباشی ۔ سکنڈ کارپورل (ایک فوجی عہدہ)

وکیل باشی ۔ سارجنٹ میجر ۔

وکیل رسمی } مختار عدالت ۔
وکیل شرعی }

وکیل سیاسی ۔ پولٹکل ایجنٹ ۔ رزیڈنٹ

وکیل متصرف ۔ ایکٹنگ گورنر ۔

وکیل مطلق ۔ ہندوستانی جس کو مختار عام کہتے ہیں ۔

وگ ۔ آزادی پسند لوگوں کی سیاسی جماعت ۔

ول ۔ پھٹا ہوا ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔ بیکار ۔ فضول ۔

ول خرج ۔ مسرف ۔ فضول خرچ ۔

ولادی قفقاز ۔ مشرقی روس کا ایک شہر ۔

ول کاری ۔ عیاشی ۔ رندی ۔ فضول خرچی ۔

ول کردن ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ دست بردار ہو جانا ۔ جانے دینا ۔ سابقت میں دوڑنا ۔ شروع کرنا ۔

ولکی ۔ بے شعور بشکانہ ۔ اٹکل پچو ۔

ولگرد ۔ آوارہ پھرنے والا ۔

ولگفتن ۔ بے اعتنائی سے ادا کرنا ۔

ونگ ۔ الگنی ۔

ونگ ونگ کردن ۔ ٹھنکانا ۔ جھنکارنا ۔ بھنبھنانا ۔

ولوس ۔ گانے بجانے کے دیوتا کا نام ۔

ون ونہ ۔ بھنبھناہٹ (مکھیوں کی) ۔

ووو ۔ وغیرہ ۔ وغیرہ ۔

ویر ۔ حافظہ ۔ فہم ۔ سمجھ ۔

ویر زدن ۔ گپ مارنا ۔

ویژہ ۔ خالص ۔

ویژگان ۔ مخصوص ۔

ویژہ ۔ علی الخصوص ۔ خاصۃً ۔ خالص بے عیب ۔

ویس امیرال ۔ امیر بحری کا نائب ۔

ویگ ۔ } انگلستان کے اراکین سلطنت کا ایک فریق ۔
وگ ۔ } جو رعایا کے حقوق کا حامی ہے ۔

ویلا ۔ وادی ۔ گھاٹی ۔

باب الہا

ہا۔ دیکھو۔ ایلو۔

ہار۔ دیوانہ۔ پاگل۔

ہارِب۔ غبارہ۔

ہارپ۔ سارنگی۔ بربط۔

ہاج واج۔ پریشان۔ حیران۔ حواس باختہ۔

ہارچ۔ منارہ۔ مینار۔

ہار کردن۔ باؤلا یا دیوانہ کر دینا۔

ہاون۔ غبارہ۔

ہاے وہو۔ ہنگامہ۔ شورش۔

ہبو۔ سوکن۔

ہپونی۔ ڈھول اچپت۔

ہت خوردن۔ چونک پڑنا۔ جھجکنا۔

ہتک عرض کردن۔ بے ایجہ کرنا۔ زنا بالجبر کرنا۔

ہجوم الجنب۔ پہلو پر حملہ کرنا۔

ہجوم المواجہہ۔ سامنے یعنی پہلو پر حملہ کرنا۔

ہجوم کاذب۔ جھوٹا حملہ۔

ہجان۔ شتر سوار۔

ہجو۔ لائبل۔ ازالہ حیثیت عرفی۔

ہجین۔ سواری کا اونٹ۔

ہدنہ۔ التواے جنگ۔

ہذیان۔ سرسام۔ شوریدہ سری۔

ہرا۔ قوم۔ گروہ۔ فرقہ۔

ہرزہ خیال۔ آزاد۔ آوارہ۔ چنچل۔

ہرطوقی۔ ملحد (ج ہراطقہ)

ہرہو۔ نعرۂ خوشی۔ خوشی کی آواز۔

ہزار پیشہ۔ ایک بکس جس میں تمام سامان

چاء وغیرہ کا یکجا رکھا ہوتا ہے۔

ہزار دینار۔ ایران کا ایک سکہ۔

ہزام۔ حلقہ باندھنا۔ احاطہ۔ گھیرا۔

ہزینہ۔ رقم اخراجات۔

ہسار۔ گوروں کا رسالہ (ہزارس)

ہسپتال۔ شفاخانہ۔

ہست اسّت۔ کیا وہ موجود ہے۔؟۔

ہستم۔ تعطیل۔

ہش ہش کردن۔ ہشت کہکر کسی کو بلانا۔

ہشدار۔ خبردار۔

ہفت۔ تری کے بعد خشکی کا ہو جانا۔

ہفتاد سال سیاہ۔ کبھی نہیں۔

ہف ہف کردن۔ بھونکنا (کتے کا)۔

ہل۔ خوف۔ ڈر

ہلال ۔ کان صاف کرنے کا آلہ۔
ہلالین ۔ براکٹ ۔ توسین ۔
ہل زدن ۔ دھکیلنا۔
ہلو ۔ شفتالو ۔
ہلوگراف ۔ شعاع آفتاب کے ذریعہ خبر رسانی کا آلہ۔
ہلہل زدن ۔ ہانپنا۔
ہلہلہ ۔ سپاہیوں کا نعرہ۔
ہلہلہ زدن ۔ (عورتوں کا خوشی سے) نعرہ مارنا۔
ہماننْد ۔ مانند ۔ مثل۔
ہمپا ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ سنگ ۔ سچ ۔
ہم خوابہ ۔ بیوی ۔ جورو۔
ہمدست ۔ متفق ۔ مددگار ۔
ہمردہ ۔ مترادف ۔ مرادف ۔
ہمسان ۔ مساوی ۔ برابر۔
ہم گنان ۔ تمام سب (ہم گن کی جمع ہے)
ہمگانہ ۔ مجموعہ ۔
ہمگاہ ۔ معاصر۔
ہمہمہ ۔ بھیڑ ہجوم ۔ ریل پیل ۔ شور وغل ۔
ہمیشہ بہار ۔ گیندا ۔ دونا ۔
ہمیشہ پا ۔ دوامی ۔
ہمین حالا ۔ ابھی اسی وقت ۔ ابھی۔

ہنا خستہ ۔ ارادہ۔
ہندسہ ۔ انجینیری ۔ فن تعمیر۔
ہندوی ۔ براٹ ۔ ہنڈی ۔
ہندوستان بہ یاد فیل افتادن ۔ قدیم افسانوں کو یاد کرنا۔
ہنگفت ۔ بھری ہوئی چیز ۔ موٹی چیز۔
ہن ہن ۔ ہانپنا۔
ہو ۔ سوکن ۔
ہوا ۔ کرۂ ہوا ۔ آٹموسفیر۔
ہوا باز ۔ غبارہ (ایروپلین) چلانیوالا ۔
ہواری ۔ شاہانہ سراپردہ۔
ہوازی ۔ خلوت ۔
ہوآوردن ۔ بھونکنا اور حملہ کرنا۔
ہورا ۔ نعرۂ خوشی ۔
ہورہ کشیدن ۔ ہرّہ کہنا ۔ نعرہ خوشی مارنا ۔
ہوسل ۔ بوتیار ۔ بگلا ۔
ہولند ۔ ہولاندہ ۔ ملک ہالینڈ۔
ہوکی ۔ غیر معتبر ۔ بادہوائی ۔
ہولک ہولک ۔ جلدی ۔ جلدی ۔
ہولک خوردن ۔ ہڑپ کرجانا ۔
ہوکی ۔ اتفاق ۔ موقع ۔
ہوکی ۔ گھبرایا ہوا ۔ مضطرب ۔

ہیولہ - توال -

ہومیروس - ہومر (یونانی شاعر)

ہوئی - ایلو - دیکھو - اے - او -

ہوئی ہوئی - ایلو - ادھر دیکھو - دیکھنا -

ہوائے تاریستار - شفق یا فلق -

ہیالیدان - معزول کرنا - تباہ کرنا - ویران کرنا

ہیالیدہ - معزول -

ہیاہو - شور وشر - ہانک پکار -

ہیاہوے - ہنگامہ - گڑبڑ -

ہیپوپوتام - دریائی گھوڑا -

ہیئت اجتماعی - سوسائٹی -

ہیئت مبعوثان - ڈیپوٹیشن -

ہیجان - ہل چل کھلبلی - گڑبڑ -

ہیچ یا زیادہ - تیرہ - سیزدہ -

ہیدرولیک - آب دان کا علم -

ہیدروسکوپ - آبی دوربین -

ہیزم بر - لکڑہارا - آرے سے لکڑی کاٹنے والا -

باب یائے تحتانی

یابو - ناکارہ گھوڑا -

یایلاغ یاغی - بھورے رنگ کا الو -

یایلاغ صحرائی - چھوٹے کان کا الو -

یاپوں چہ - بکری کے چمڑے کا فرغل -

یار - شریک جرم -

یارم بلوک - نصف کمپنی -

یارو - شکاری -

یاغو - دریائی مرغ -

یاغی گری - بغاوت - سرکشی -

یافتہ - سرکاری یا عام اعلان -

یافہ - کالر -

یال پوش - گھوڑے کے سر کا ساز یا جامہ -

یانصیب - لاٹری - قرعہ -

یاور - میجر -

یاور توپخانہ - توپخانے کا افسر -

یاور حرب - ایڈیکانگ -

یای - کمان (ت)

یبوست - قبض -

یخ - مردہ دل - افسردہ خاطر - مضمحل - کاہل -

یخ تربہشت - ایران کا ایک قسم کا حلوا -

یخچال - برف کا دریا -

یخ سری کردن - برف پر پھسلنا یا چلنا -

یَخہ ۔ کرتے کا گریبان ۔ کالر
یَخ یَخ ۔ اونٹ کو بٹھانے کی آواز ۔
یَدک ۔ کوتل گھوڑا ۔
یَدَکی ۔ افزون فالتو ۔ زیادہ ۔ کوتل ۔
یَراق ۔ زرہ بکتر
یَراق بافی ۔ سنہرا اور روپہلا کام
یَراقِ طِلا ۔ سونے کا فیتہ ۔
یُرت ۔ منزل ۔
یُرتمہ ۔ پوپیہ ۔ ایک قسم کی چال ۔
یُرغہ یا یُرغہ رفتن ۔ دوگاما جانا ۔
یَرنہ ۔ تہبوئی ۔
یَاپچی ۔ اڑدلی ۔
یَقہ زنانہ ۔ کلابتون کا کالر
یَقہ فرنگی ۔ لیٹنے کا لر
یَک بَرَہ ۔ ایک طرف جھکا ہوا ۔
یَک بَرَہ رفتن ۔ گھوڑے کا بے راہ ہو جانا
یَک پہلو گری ۔ اصرار
یَکجا فروشی ۔ تھوک فروشی ۔
یَک دَندگی ۔ ضد ۔ ہٹ ۔
یَک روز میانہ ۔ ایک دن آڑ ۔
یَک سرہ ۔ مسلسل لگاتار

یَک گلب گردن ۔ پیچھا کرنا ۔ چھوڑنا ۔
یَک وَر ۔ ٹیڑھا ۔
یَگُون ۔ جملہ ۔ میزان ۔
یَل ۔ ایک چھوٹا کوٹ ۔
یُلغار ۔ خوشبودار چھڑا ۔
یَلوہ قوشی ۔ ایک کی چڑیا جس کو
مرغ زیرک بھی کہتے ہیں ۔ (ت)
یَلہ ۔ ٹیکا ۔
یَلہ ۔ آگے بڑھو ۔
یَلہ رفتن ۔ ڈگمگانا ۔ لغزش کرنا ۔
یَنجہ ۔ سبز گھاس ۔
یَنگشری ۔ ینگچری ۔ ترکوں کی ایک سابق
فوج جسکو عام طور پر ینگچری کہتے ہیں
ینگی دُنیا ۔ امریکہ (لفظی معنی نئی دنیا میں)
یَواش ۔ آہستہ آہستہ ۔
یُواشگی ۔ آہستگی ۔ نرمی ۔
یَود ۔ الو ڈالڈا ۔
یُورت فضا ۔ وسیع اور صحن دار مکان ۔
یُورطمہ رفتن ۔ پوپیہ چلنا ۔
یُوزباشی ۔ کپتان ۔
یُوغ ۔ (تیل) کا جوا ۔

یُوقلمہ۔ تجسس۔ فوج کی حاضری (ت)

یُوم میدان۔ جنگ کا سفر۔

یُونجہ۔ ایک قسم کی گھاس۔ ونس۔

ییلاق۔ پہاڑی یا پہاڑی قیام گاہ۔

تمت

صحت نامہ

مطابع سنگی کی بدعنوانی اور غلط نویسی کا حال یقیناً اُن اصحاب پر مخفی نہیں ہے جنہیں اس قسم کے کام کا اتفاق ہوا ہو۔ لہذا ناظرین سے امید ہے کہ قبل از مطالعۂ کتاب پیشتر اس صحت نامے سے درستی فرمالیں اور جو معمولی اغلاط ہیں اُن کا خیال نہ فرمائیں انشاء اللہ تعالیٰ طبع ثانی ان تمام نقائص سے پاک وصاف رہے گا۔

صفحہ	کالم اول	کالم دوم	سطر	غلط	صحیح
۹	۱	۰	۴	افان	اوزان
۱۴	۰	۲	۲۰	نقاسی	نقاشی
۱۶	۰	۲	۱۶	بادفراہ	بادفراہ۔ (مخفف بادافراہ)
۱۷	۱	۰	۱۸	خوشس فزا	خوشس فضا
۳۰	۰	۲	۱۷	ٹہری	بہری

۳۱	۱	۰	۱۴	اوس فوج مین	اُسے فوج مین
۳۲	۰	۲	۱۴	نیم کیم	نیم حکیم
۳۴	۰	۲	۱	مصرف	مُسرف
۳۷	۰	۲	۲۴	گزر	گزند
۳۸	۰	۲	۱۴	تراطیس مالی	قراطیس مالی ۔ (بالاتفاق)
۴۱	۱	۰	۲۱	غیض	غیظ
۴۴	۰	۲	۱۴	روز	زور
۴۸	۰	۲	۶	دوبارا زندگی	دوبارہ زندگی
۵۲	۱	۰	۱	جس کا	جس کو
۵۴	۰	۲	۱	جہان پدود کردن	جہان پرسود کردن
۵۵	۱	۰	۹	کھڑاوان	کھڑاوین
۵۶	۱	۰	۱۴	لوٹ مارنا	لوٹ مار کرنا
۶۰	۰	۲	۷	تبیل	زنبیل
۶۰	۰	۲	۱۸	بیٹھنا	بٹھانا
۶۷	۰	۲	۴	متندرس	مندرس

۷۱	۱	۰	۸	راہبہ عورت	راہبہ عورتیں
۷۶	۰	۲	۴	باندھے ہوا	باندھا ہوا
۸۴	۰	۲	۷	عشور	عشر
۸۷	۱	۰	۸	رخت شور	رخت شو
۸۸	۰	۲	۱۹	زندہ کرنا	رندہ کرنا
۸۹	۰	۲	۲۱	روشور خانہ	روشو خانہ
۹۲	۱	۰	۱۹	مضارع	مزارع
۹۵	۰	۲	۱۵	جو	+
۹۹	۰	۲	۱۲	سرگرم کار آوارہ شدن	سرگرم کارا وارہ شدن
۱۰۱	۱	۰	۴	سنفجہ	سفنجہ
۱۰۱	۱	۰	۷	سفیدہ دار	سفیدار
۱۱۰	۱	۰	۶	شکم در دیدہ	شکم دریدہ
۱۲۰	۱	۰	۱۴	عمارت پیلاق	عمارت ییلاق
۱۳۷	۰	۲	۱	چھنگیا	چھنگلیا
۱۳۸	۰	۲	۲۰	چرنڈول	چنڈول

۱۴۳	۱	۰	۲۱	کل کرار	کل گراز
۱۴۴	۰	۲	۴	پھیڑوا	پچھاوڑا
۱۴۶	۰	۲	۱۱	گھڑی کو کنجی کرنا	گھڑی کو کنجی دینا
۱۴۹	۱	۰	۳	حقور	قصور
۱۴۹	۱	۰	۲۰	کانٹا	ہ کانٹا
۱۵۱	۱	۰	۱۳	ریھپری	رو پہلی
۱۵۶	۱		۱۲	دیوس	دیوث
۱۶۳	۱		۱۲	یڑھا	ٹیڑھا
۱۶۵	۱	۰	۶	تحمدی	تحمدی (بجر)
۱۶۵	۱	۰	۲۱	نصب نما	نسب نما
۱۶۲	۱	۰	۹	نضیبنا	نسیحا
۱۶۳	۰	۲	۱۳	میاں مٹھو ہونا	میاں مٹھو بننا
۱۹۱	۱	۰	۶	روپھرا	روپہلا
۱۹۲	۰	۲	۶	ایک کی	ایک قسم کی